پندرہ روزہ

الہلال

ٹورانٹو - کنیڈا

قیمت: ۵۰ سینٹ

۷ ذی الحجہ ۱۴۰۲ھ
۲۵ ستمبر ۱۹۸۲ء

بیرون وطن پاکستانیوں کا ترجمان - شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

جلد: ۱۱
شمارہ: ۱۴

عیدِ قرباں کی روح : جذبۂ بندگی

حکیم نعیم الدین زبیری

[illegible]

زخمِ احساس

الطاف شاہد

کوئی نہیں عنوانِ مسرت
میری ہے ہر سانس اذیت
ایسی ہے لبنان کی حالت
لوٹ پڑی ہو جیسے قیامت
افغانستان ایسا جلتا ہے
جیسے میرا قتل ہوا ہے
ارضِ عراق آفات کی زد میں
ضبط نہیں ہے اپنی حد میں
پورا ہی ایران ہے مقتل
کیسے چھٹیں گے غم کے بادل
ساری ملت اب ہے پریشاں
زخمی دل ہے ذہن ہے ویراں
شورِ یتیموں، بیواؤں کا
بین ہزاروں ہی ماؤں کا
میرے سکوں کو چھین چکا ہے
شور میں گم خود میری صدا ہے
یارب! کیسے عید مناؤں
کیسے خوشی کے نغمے گاؤں!
جب تک یہ حالات نہ بدلیں
جب تک یہ دلنا ذات نہ بدلیں
میں نے تو بس یہ ہے جانا
جرم ہے جشنِ عید منانا

احکام عیدالاضحیٰ

[illegible]

اب ٹھوس اقدامات ضروری ہیں

لبنان کے مسئلے پر بنگلہ دیش کے رہنما مولانا عبدالرحیم کی اہم تجاویز

مولانا عبدالرحیم بنگلہ دیش کے ممتاز رہنما اور رابطہ عالم اسلامی کے تاسیسی رکن ہیں۔ لبنان کے بحران پر غور کرنے کے لیے گزشتہ دنوں رابطہ کا جو اہم اجلاس طلب کیا گیا تھا مولانا اپنے ملک کے حالات کے سبب اس میں شرکت نہیں کر سکے تاہم اس موقع پر انہوں نے بحران کے بارے میں اپنی اہم تجاویز تحریری صورت میں رابطہ کے سیکریٹری جنرل کو بھیج دی تھیں تاکہ وہ بنگلہ دیشی رہنما کی طرف سے اجلاس میں پیش کر دی جائیں۔ ہم اپنے قارئین کے لیے مولانا عبدالرحیم کی ان تجاویز کا متن پیش کر رہے ہیں۔

[illegible]



ظہور الحسن بھوپالی مرحوم

ظہور الحسن بھوپالی کو گولی مار کر شہید کر دیا گیا

واردات میں روسی ساخت کا اسلحہ استعمال کیا گیا

کاروائی تخریب کاروں نے کی ہے پولیس حکام کا اعتراف مقدمہ درج کر کے تحقیقات شروع کر دی گئی

ری کنڈیشنڈ کاروں کے سکینڈل کے سلسلے میں ۲ کروڑ پتی تاجر گرفتار

* سکینڈل میں ایک سابق وفاقی وزیر بھی ملوث ہے

ملزموں پر مقدمہ چلانے کے لئے فوجی عدالت قائم کر دی گئی

بیگم نصرت بھٹو کے لئے شرط

بے نظیر بھٹو کی نظر بندی میں توسیع

پی آئی اے کے اغوا شدہ طیارے کے بدلے رہا ہونے والا قیدی قتل ہو گیا

بھوپالی کے ساتھ قتل ہونے والے ستمبر سے مقتول الیاس صدیقی کی شناخت کر لی گئی

مولانا ظفر احمد انصاری کی قیادت میں علماء کا وفد ... سے روانہ ہو رہا ہے

سردار قیوم کے بیٹے اور بھتیجے سمیت کئی افراد گرفتار کر لئے گئے

آزاد کشمیر میں احتجاجی جلسے اور جلوس مسلم کانفرنس کی طرف سے گرفتاریوں کی مذمت

قادیانی رہنماؤں نے مرزا البشیر کے ترجمہ قرآن میں غلطی کو تسلیم کر لیا

If you're thinking about moving to Florida in ten years, now's the time to start thinking.

Although no one can really predict what will be ten years from now, one thing's a certainty: Every year, inflation makes your Florida move a lot more expensive.

That's why we suggest you consider making your first move toward the future as soon as possible. By considering buying a General Development homesite today—at our current prices and terms. Instead of tomorrow's.

To help you look into the possibilities of this excellent hedge against inflation, General Development has prepared a comprehensive Property Information Kit about its communities as well as Florida in general.

It will answer many of the questions you might have on why to buy, where to buy and how to buy wisely. In short, it'll start you thinking. Now. Mail coupon today or call:

Samina Ghauri
(416) 661-1625 or 491-0413
Toll free 1-800-268 0774

Can-Am Real Estate Ltd.
Real Estate Broker
3800 Finch Ave. West, Suite 600 Downsview, Ontario, Canada M3J 2N5 Tel. 416-661-1625

Authorized Offering Representative for General Development

Please Rush us our Property Information Kit. We understand there's no cost or obligation to purchase.

Name
Address
City/Province/Code
Telephone Number

*Ask for and read carefully the Prospectus relating to this offering. OA-1-700-82

ایرانی انقلاب کے خلاف سازش تیار کرنے کے لئے امریکہ کے ایماء پر سعودی عرب نے چار کروڑ ڈالر دیئے تھے نیوز ایجنسی کا انکشاف

خمینی کے سابق معاون پر الزامات ثابت ہو گئے تھے ۔ (رے شہری)

انقلاب ایران کے اہم کردار کو آیت اللہ شریعت مداری کا تعاون حاصل تھا

ایران کے سابق وزیر خارجہ قطب زادہ

[illegible]

بار کونسل کی اپیل پر پورے پنجاب میں وکلاء کی ہڑتال

کونسل ایکٹ میں ترمیم، قاضی کورٹس آرڈیننس اور مرکزی وزیر قانون کے طرز عمل کی مذمت

[illegible]

جنگ کے نتیجے میں عراقی معیشت تباہی کے دہانے پر پہنچ گئی

ایک پیکٹ سگریٹ کا بائی ۲۰ ڈالر اور چائے کا ڈبہ ۱۲ ڈالر میں بک رہا ہے

[illegible]

اسرائیل کی سرحدوں کو پاکستان اور ترکی تک وسعت دینے کے منصوبے کا انکشاف

لبنان میں کارروائی کی تحقیقات کرنے والے کمیشن کے پاس شواہد موجود ہیں

یہ سب کچھ سوچے سمجھے منصوبے کے تحت ہوا ہے کمیشن کے چیئرمین کا بیان

[illegible]

عدالتوں کو سرکاری ملازمین کی برطرفی کے خلاف درخواست کی سماعت کا اختیار نہیں ہوگا

عدالت یا ٹریبونل میں زیر سماعت تمام مقدمات فوری طور پر ختم ہو جائیں گے ، عبوری آئین میں ترمیم کا حکم جاری کر دیا گیا

حکم کے نفاذ سے پیشتر دیئے گئے تمام فیصلے کالعدم سمجھے جائیں گے

[illegible]

بے نظیر کا کہنا ہے ۔ وہ اکیلی رہ جائے گی

[illegible]

شاد کباب نہ دیکھے تو کیا دیکھا ؟

حلال گوشت سے تیار شدہ گرما گرم ذائقہ دار
لذیذ کباب ۔ چکن تکہ اور

کڑاہی گوشت
پلاؤ
بریانی

اس کے علاوہ نفیس مٹھائیاں

MANZIL RESTAURANT
Sweets & Snacks
1431 GERRARD ST. EAST TORONTO, ONT.
Tel. 466-5824
KHALID BUKHARI & BROTHERS

• حلال گوشت • حلال مرغیاں
اور تازہ ترین سبزیاں ہر روز حاصل کر سکتے ہیں

الفلاح
گروسرز
ALFLAH GROCER
2783 Dundas St. West
Toronto. Tel.762-1633

فاروق عبداللہ حلف وزارت اٹھاتے ہوئے جذبات سے رو پڑے تھے

[illegible]



فاروق عبداللہ

[illegible]

پندرہ روزہ
الہلال
سورانٹو کینیڈا

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ ہ
سنو! کہ جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ خوف ہوگا اور نہ غم ہوگا۔ (القرآن)

زندہ تحریریں

صلح کی درخواست نہ کرو

القرآن

اے لوگو! جو ایمان لائے ہو۔ تم اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو
اور اپنے اعمال کو برباد نہ کرلو۔ کفر کرنے والوں اور راہ خدا سے روکنے والوں اور مرتے
دم تک کفر پر جمے رہنے والوں کو تو اللہ ہرگز معاف نہ کرے گا پس تم بودے نہ بنو اور صلح
کی درخواست نہ کرو تم ہی غالب رہنے والے ہو۔ اللہ تمہارے ساتھ ہے اور تمہارے
اعمال کو وہ ہرگز ضائع نہ کرے گا۔ (محمد ۳۵-۳۳)

فلسطینی عرب سے ـــــ علامہ اقبالؒ

زمانہ اب بھی نہیں جس کے سوز سے فارغ
میں جانتا ہوں وہ آتش ترے وجود میں ہے
تری دوا نہ جنیوا میں ہے، نہ لندن میں
فرنگ کی رگِ جاں پنجۂ یہود میں ہے

جرم ضعیفی کی سزا

صلیبی لشکر جرار لے کر آگے بڑھے اور اقصیٰ نے مسلمانوں کو شکست فاش دی اور اب علمی تحقیق نے ثابت کر دیا ہے کہ عباسی اور فاطمی سلطنتوں نے اس طوفان کا مقابلہ کیا تھا نہیں کیا۔ پھر وہ اختلافات جو ان سلطنتوں میں پائے جاتے تھے اور جرنیلوں کی اپنی وجہ ہے۔ بیت المقدس اور مسجد اقصیٰ پر قبضہ کرنے کے بعد اس صلیبی یلغار نے بھی نہیں لیا پر جغرافیائی مطالعہ کے ذریعہ اور جرأت و ہمت سے کام لے کر پرتگالیوں نے واسکو ڈی گاما (الصالح) (کیپ آف گڈ ہوپ) کا پتہ چلایا اور جزیرہ افریقہ کے گرد اکٹھا ہو گئے تاکہ جنوب سے جزیرہ عرب تک پہنچ سکیں اور حرمین پر قبضہ جما سکیں۔ اس تمام عرصے میں مسلم حکومتیں تقلید کے خراٹے لیتی رہیں۔ ایک خوفناک اور مدہوش کرنے والی غفلت مسلمانوں کے اعصاب و افکار پر چھا چکی تھی اور مملکت یا بہت سی ملکتیں جو دین سے رغبت رکھتی تھیں، دشمنوں کے ان اقدامات اور سازشوں کا تدارک کرنے سے عاجز تھیں۔ قدرت کا دستور غضب حرکت میں آیا اور اسکا فیصلہ نافذ ہو گیا اور ساتویں صدی کے نصف میں تاتاریوں نے عباسی خلافت کی اینٹ سے اینٹ بجا دی۔

یہاں اخلاقی حکومت اور جمہور امت کے درمیان فرق کر جاتا ہر انصاف پسند کیلئے ضروری ہے۔ اس لیے کہ جو تعطل حکمرانوں میں پیدا ہو چکا تھا مغز اسکی دشمنوں سے اس کی حد تھا۔ مسجدیں اور مدارس دیہاتی زاہدوں اور ارباب علم و فضل کی جماعتیں مقیم و مسافر تجار جیسے کچھ بھی ان سے بن پڑ رہا تھا اپنی ذمہ داری انجام دے رہے تھے۔

چونکہ اللہ کی طرف تمام انسانوں کو دعوت دینا ہر مسلم کی ذمہ داری ہے اور ہر وہ شخص جو اللہ سے قریب ہے اس سے یہ امید کی جاتی ہے کہ وہ اسلام کا دائرہ وسیع کرنے کی کوشش کریگا۔ اس لیے حکومتی اداروں میں بگاڑ کے باوجود دارالاسلام کا رقبہ وسیع ہوا۔ اسلام میں داخل ہونے والوں کی تعداد میں معتدبہ اضافہ ہوا۔ اگرچہ شروع کا مرکز خلافت اور اسلام سے یک گونہ دوری کے باعث بین ہوئی چنانچہ علمی پہلو سے یہ نقصان ہوا کہ لوگوں کے اندر بدعات و خرافات کا چلن عام ہو گیا اور نفسیاتی پہلو سے ان کے اندر تنہائی اور اجنبیت کا احساس ابھرنے لگا۔

محمد الغزالی
(ماہنامہ اسلامی دنیا)



قوت کے نشے سے سرشار
خود کو محفوظ سمجھتے ہو تم
کاٹنا قوموں کے ـــــ!
اک اک عمل تم پہ واضح
کھلی آنکھ سے دیکھتے ہو
جلے گھر ـــــ!
لٹے قافلے ـــــ!
شدتِ پیاس سے
دم بلب خشک حلقوم
زخموں کے انبار
کوئی بھی جانے پناہ
ان کو کیسے ـــ کہاں مل سکے گی اماں؟
لیکن ـ اتنا سمجھ لو
کہ اوراق تاریخ میں
جب بھی میرے لہو سے
رقم ہوگا خونیں ورق
شرم سے منہ چھپاؤ گے
اپنی ہی نسلوں سے تم
میرا روشن لہو
ریزے ریزے میں میرا دھڑکتا ہوا
بول اٹھے گا

اسرائیلی فوج اور اسرائیل نواز عیسائی ملیشیا نے فلسطینی مجاہدین اور بچوں کے ساتھ ... کو بھی ہلاک کر دیا

1431 GER
278
Tor

غزل

فیض احمد فیض

سہل یوں راہِ زندگی کی ہے
ہر قدم ہم نے عاشقی کی ہے
ہم نے دل میں کھلا لئے گلشن
جب بہاروں نے بے رخی کی ہے
بات پر جب زبان کٹتی تھی
بے سخن ہم نے شاعری کی ہے
زہر سے دھو لئے ہیں ہونٹ اپنے
لطفِ ساقی نے جب کمی کی ہے
دشتِ ہجراں میں یار کی صورت
ہر شبِ مہ نے دلبری کی ہے
جو گذرتے تھے داغ پر صدمے
فیض اب کیفیت سبھی کی ہے

بکراپیڑی کی خبریں

قربانی کے تماشہ باز جانور

کراچی کی یہ روایت بن گئی ہے کہ ہر سال بقر عید کے موقع پر یہاں چند تماشی اور تماشہ باز جانوروں کو لایا جاتا ہے۔ اس تماشہ میں پسندیدہ جانوروں کا تصور کوئی نہیں ہوتا ان کے مالکوں یا بیچنے والوں کی دل لگی ہوتی ہے اور غریبوں کی دلچسپی کا سامان فراہم ہو جاتا ہے۔ ایسے جانوروں کو بڑے اہتمام سے یا سجا کر رکھا جاتا ہے ان کے بیٹھنے کے لئے چارپائی پلنگ ہے اور چارہ کا انتظام کیا جاتا ہے۔ دھوپ سے بچانے کے لئے کبھی کبھی چھوٹا خیمہ بھی لگا دیا جاتا ہے۔ جانور کے کھانے پینے کے بارے میں دلچسپ افواہوں اور بیانات کے ذریعہ توجہ حاصل کی جاتی ہے۔

اس سال ایسے جانور کم آئے ہیں۔ جلیبر کے بازار میں سیب کھانے اور کولڈ ڈرنک پینے والا ایک بکرا لوگوں کی توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے۔ مالک کا کہنا ہے کہ یہ سیب کے علاوہ کچھ نہیں کھاتا اور پانی کی جگہ صرف کولڈ ڈرنک پیتا ہے جانور بکرے کے نزدیک ہر وقت سیبوں کا ٹوکرا اور کولڈ ڈرنکس کا کریٹ رکھا رہتا ہے۔

بلدیہ کراچی کی عمارت کے عقب میں جانوروں کی جو منڈی لگی ہے وہاں بھی تماشہ باز بیل اور بکرے موجود ہیں۔ ایک بیل کے بارے میں کہا گیا ہے کہ وہ صرف دودھ پیتا ہے، بکرا سگریٹ کا کش لگاتا ہے اور آوارہ کشتی لے کر شخصوں سے دعوا خارج کرتا ہے۔

بیس ہزاری بیل اور ۵ ہزاری بکرا

کراچی کے لوگ دولتیوں کی نفسیات سے فائدہ اٹھا کر جانوروں کے بعض تاجر اپنے جانوروں کے دام اتنے زیادہ مقرر کر دیتے ہیں کہ عام آدمی ان کو سن کر کانوں کو ہاتھ لگاتا ہے۔ اس سال کراچی کی مارکیٹ میں ایک بکرے کے پچاس ہزار طلب کئے جا رہے ہیں۔ ناظم آباد کے نزدیک ایک بیل کی قیمت بیس ہزار روپے طلب کی جا رہی ہے۔ ناتک واڑہ کے نزدیک بکرا منڈی میں ایک بیل بیس ہزار روپے میں فروخت کے لئے موجود ہے۔

دلچسپ بات یہ ہے کہ یہ گراں قیمت جانور جب منہ مانگی قیمت پر نہیں بکتے تو بقر عید سے ایک دن پہلے ان کے مالک ان کا سجاوٹ کا سامان اتار کر عام جانوروں کے ساتھ فروخت کر دیتے ہیں۔

گزشتہ سال کے چوٹ کھائے ہوئے

گزشتہ سال کے مقابلے میں اس سال کراچی میں جانور کم لائے گئے۔ محتاط اندازہ یہ ہے کہ اس سال آنے والے جانوروں کی تعداد سال گزشتہ کے مقابلے میں نصف ہے۔ جانور کم ہونے کی وجہ سے ان کی قیمتیں بھی زیادہ ہیں۔ پچھلے سال ایک اوسط بکرا ... روپے میں دستیاب تھا۔ اس سال بشرح ۹۰۰ روپے ہے۔ جانوروں کی اس کمی کی وجہ ... گزشتہ سال زیادہ جانور ہونے کی وجہ سے دام کم ہو گئے اور آخری دنوں میں قیمتیں بہت گر گئی تھیں بکثر لوگوں کو نقصان اٹھانا پڑا تھا اسی لئے اس سال احتیاطاً کم جانور لے کے آئے ہیں۔

قربانی کی کھالوں کے دام گر گئے ہیں

عالمی منڈی میں اس سال جانوروں کی کھالوں کے دام گرے ہوئے ہیں۔ جانوروں کی کھالوں کا نرخ بھی کمی کا رجحان گزشتہ سال سے ہے لیکن اس سال اس میں مزید کمی ہو گئی ہے۔

....اسلئے کھالوں کی حفاظت کیجئے

کراچی میں قربانی کے جانوروں کی تعداد ... کے چیف ... نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ قربانی کے جانوروں کی کھالیں اتارنے میں احتیاط سے کام لیا جائے۔ کھال میں سوراخ ہونے تو اس کی قیمت گر جاتی ہے۔ نیز کھال دھوپ میں زیادہ دیر تک پڑی رہے تو بھی اس کے خراب ہونے کا اندیشہ رہتا ہے۔ قربانی کے جانور کی کھال کو اس طرح رکھئے کہ بال اوپر ہوں اگر کھال زیادہ دیر تک رکھے رہنے کا امکان ہو تو اس کے اندر کی سطح پر نمک لگا دیجئے۔

IF YOU DON'T REMEMBER YOU MAY NEVER FORGET.

جلتی بجھتی ہوئی سرخ لائٹ والی سکول بس کے دونوں اطراف میں رواں ڈرائیور اپنی گاڑیاں روک لیں ... فٹ پاتھ سے باقاعدہ تقسیم کی گئی سڑک کے دوسری جانب چلنے والی ٹریفک کو چلنے کی اجازت ہے لیکن بس کے پیچھے والی ٹریفک لازماً رک جائے ... نئے قانون کے مطابق ڈرائیور اپنی گاڑی کو کم از کم بیس میٹر پیچھے کھڑی کرنی ہوگی۔

خلاف ورزی کا جرمانہ بیس تا سو ڈالر سے بڑھا کر اب سو تا پانچ سو ڈالر کر دیا گیا ہے۔ دوسری بار جرم کا ارتکاب کرنے پر جرمانہ کی رقم ۲۵۰ تا ۱۰۰۰ ڈالر ہو جائے گی۔

قانون توڑنے پر ڈی میرٹ پوائنٹ بھی نوٹ کئے جائیں گے

CAN YOU AFFORD TO FORGET?

Ministry of Transportation
and Communications
Ontario
James Snow, Minister
William Davis, Premier

میں نے لاکھوں بہاریں دیکھی ہیں
آگ کے پھول آگ کے گلزار!
انگیٹھیوں کے دہکتے انگارے
آہ کے شعلے آنسوؤں کے شرارے
مردم دیوتان کے غلام آتے
شہر قبروں میں جیسے چھوٹ گئے
ظالموں کے محل لرزنے لگے
تاریخ میں میرے زخم ہیں پنہاں
عہد وسطیٰ کے باغبانوں کے
میں نے دیکھیں طلوع ہوتی ہوئی
نازیوں کی حسین تلواریں!
میری آنکھوں کے سامنے گزرے
انقلاب فرانس کے پرچم
میرے سینے پہ ثبت ہیں اب تک
اجنبیوں کے جوان نقش قدم!
میری نظروں میں میرے خون میں ہے
جوشِ زندہ لنکا کا سرخ اُبال
اور انسان ہیں سبھی جانتے پر
روس کے انقلابیوں کے جبال
میں نے لاکھوں بہاریں دیکھی ہیں
آگ کے پھول آگ کے گلزار
انگیٹھیوں کے دہکتے انگارے
آہ کے شعلے آنسوؤں کے شرارے

ادب و ثقافت

بزمِ شہادت —— رئیس امروہوی

ایران، شام، ارضِ فلسطین اور عراق
کس نے کہا کہ بزمِ شہادت بھی نہیں؟

لبنان! تیرے مقتلِ اربابِ شوق میں
قاتل ہی تھک گئے ہیں سروں کی کمی نہیں

اردو ڈکشنری بورڈ دنیا کی سب سے بڑی لغت تیار کر رہا ہے

منصوبہ بخشش روپے تک مکمل ہو جائے گا، کارکردگی پر وفاقی وزیر تعلیم ہوتی کا اظہار اطمینان

اردو ڈکشنری بورڈ کے اجلاس سے خطاب ...

اندیشۂ شہر

غریب شہر کے قلم سے

ہے اتنی گنجائش نہیں ہے کہ دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی کر کے دکھا دیا جائے۔ ویسے بھی مصلحت کا تقاضا یہی ہے کہ فی الحال دودھ اور پانی یکجا ہی رہیں تو اچھا ہے، بہرحال چند خاص خاص الزامات کی تردید تو ہم ضرور کریں گے تاکہ طارق عزیز کو معلوم ہو کہ مولانا اکیلے نہیں ہیں، ہم جیسے بے شمار عقیدت مند ان کے ساتھ ہیں۔

ارشاد ہوتا ہے کہ مولانا صاحب نے پیپلز پارٹی میں شامل ہونے سے پہلے طارق عزیز سے ملاقات کا وقت مانگا تھا، یہ بات درست نہیں ہو سکتی جہاں تک ہماری معلومات کا تعلق ہے مولانا صاحب پارٹی میں شامل ہونے سے پہلے اپنے اخبار کے ذریعہ پارٹی کے لئے چندہ ... کرتے تھے انہیں وقت مانگنے کی کیا ضرورت تھی ... پہلے ہی ان کے پاس وافر مقدار میں تھی اور اسی کو درست کرنے کے لئے تو وہ پارٹی میں شامل ہوئے تھے۔

کا ذکر مولانا صاحب کرتے ہیں اس لئے نہیں کہ ان کی وفات مولانا صاحب سے بے تکلفانہ تعلقات کا نتیجہ ہوتی ہے اگر ایسی بے تکلفی نہ ہوتی تو وہ کچھ دن اور زندہ رہ جاتے۔ یہ بات بھی بالکل غلط ہے کہ مولانا زندہ لوگوں پر لکھتے ہوئے ڈرتے ہیں زندہ لوگ خود مولانا سے ڈرتے ہیں کہ کہیں مولانا ان پر کچھ لکھ کر ان کا زندہ رہنا مشکل نہ کر دیں۔

آخر میں ہم طارق عزیز کو مشورہ دیں گے کہ وہ ٹی وی کے ذریعے کمائی ہوئی شہرت پر اتنے مغرور نہ ہوں اور اپنی پارٹی کے ایک سابق رہنما کے خلاف الزام تراشی کی مہم نہ چلائیں ... پارٹی کا انعام ... اخلاقی قدریں ...

طارق عزیز نے روحی بانو اور مولانا کوثر نیازی کے خلاف یکساں نوعیت کی مہم شروع کر رکھی ہے

طارق عزیز نے ... پہلے دلدادہ روحی بانو اور طارق عزیز ... تو اچھا خیال تھا کہ اقوام متحدہ میں بھی یہ مسئلہ زیر بحث آئے گا ...

ہم اس جھگڑے میں کسی کے طرف دار نہیں ہیں، ہمیں روحی بانو سے دلچسپی ہے نہ طارق عزیز سے کیونکہ ہم سیاست کی اداکاری اور اداکاری میں سیاست دونوں کے قائل نہیں ہیں ...

پہلے طارق عزیز کی باتیں سن لیجئے ...

طارق عزیز نے ... ملاقات ... مولانا کوثر نیازی ...

۲۵ ستمبر ۱۹۸۴
بروز ... ۸ بجے شب

میڈیکل سائنس بلڈنگ
یونیورسٹی آف ٹورانٹو
ٹورانٹو - انٹاریو

فیض احمد فیض
علی سردار جعفری
احمد فراز
جمیل الدین عالی
ادا جعفری

مشاعرہ

First Canadian Conference on Urdu
10am
SEPTEMBER 25,
Ignataff Hall, University of Toronto Campus.
Theme:-
Urdu Poetry

سلسلۂ ہدایت



اسکاربرو کے منہاج سعید ولد منیر سعید عمر ۱۲ سال، جنہوں نے ۱۸ ذیقعد ۱۴۰۲ کو قرآن پاک کا پہلا دور مکمل کیا ہے۔ منہاج سعید قرآن پاک کا دوسرا دور با معنی شروع کر رہے ہیں۔

*

نوٹ: جن قارئین کے بچوں نے کلام پاک ختم کر لیا ہے وہ ان کی تصویر، نام، عمر اور جگہ کی صراحت کے ساتھ "الہلال" میں اشاعت کے لیے بھیج سکتے ہیں۔ اس سلسلہ کا مقصد بچوں میں مذہبی جوش و جذبہ پیدا کرنا ہے۔ (ادارہ)

بھارتی بچے امریکہ میں فروخت ہوتے ہیں
ایک ایجنسی کا کاروبار چمک اٹھا ہے

[illegible]

Newsmagazine of the Islamic movement

Crescent

INTERNATIONAL

From Marrakesh to Indonesia, Muslims have been parcelled out into nation-States; for many Muslims, the cages of nationalism have become more sacrosanct than their commitment to Islam.

The ***Crescent International*** has set out to serve the global Islamic movement.

Some of the topics covered in October 1-15, 1982 issue:

• **Israel** without frontiers • Israelis begin organized mass murder of **Palestinians** in Lebanon • **Saudis** bow to seminar demand • The **'lion of Kashmir'** departs as an Indian protege • **Arab** rulers change their traditional 'no' to an abrupt 'yes, please' • The **'Final Declaration'** from **Faas** • **Qutbzadeh** — a nationalist who could not live with the Islamic Revolution

RATES: $17.00 for one year $30 for two years

To subscribe, write to:
Crescent International

338 Hollyberry Trail, Willowdale, Ontario, Canada M2H 2P6
Phone: (416) 424-1989 or 493-4374 Telex: 06-986766 Tor. Crescent

Please enter my subscription for the *Crescent International* for one/two year(s).

Name: ....

Address: ....

....

....

Date: .... Phone: ....

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورت رشتہ

سادات گھرانے کی حنفی العقیدہ امریکن شہریت کی حامل ۱۸ سالہ خوبصورت و نیک سیرت لڑکی کیلئے پروفیشنل ڈگری ہولڈر کا رشتہ مطلوب ہے۔ تفصیلات کیلئے رابطہ قائم کیجئے

S.M.A.
180 - Chester Le Blvd.
59 Scarborough
Ont. M1W 2H9

نیک سیرت و شریف النفس لڑکی جو حال ہی میں انڈیا سے بواسطہ تعلیم آئی ہے اور B.A. میں زیر تعلیم ہے کیلئے ایک اچھے شریف لڑکے سے رشتہ مطلوب ہے۔

سید محمود علی - 490-0204

"سوہنی دھرتی"

"سوہنی دھرتی" لاس اینجلس میں نشر ہونے والا پہلا اور واحد اور سو فیصدی پاکستانی ریڈیو پروگرام ہے۔
"سوہنی دھرتی" میں پاکستانی نغموں اور پاکستان ٹی وی کے مزاحیہ پروگراموں کے علاوہ ادب و شاعری، تہذیب و ثقافت اور اہم مذہبی و قومی موضوعات پر تبادلۂ خیال بھی شامل ہے۔
"سوہنی دھرتی کے مہمان" کے عنوان سے تبادلۂ خیالات کا ایک خصوصی پروگرام بھی وقتاً فوقتاً نشر کیا جاتا ہے۔
محترمہ منیر جہان (منیر آپا) اور خالد بیگ یہ پروگرام ہر منگل کو رات نو سے دس بجے تک پیش کرتے ہیں۔
مزید تفصیلات کیلئے فون کیجئے:
213-399-7005 or
213-748-2005

Evernew Films

Proudly present top quality PAKISTANI, Urdu and Punjabi movies for distribution and presenting throughout North America.

Good quality prints and at compatetive prices.
For more information

(416) 782-4886

[illegible]

آسٹریلوی ٹیم پاکستان سے زیادہ مضبوط ہے، عمران کو آؤٹ کرنا میں جانتا ہوں؟ گولن ایگر

سیریز دلچسپ اور سنسنی خیز ہوگی۔ پاکستان پہنچنے پر آسٹریلوی کرکٹ ٹیم کے منیجر کا انٹرویو

[illegible]

(416) 475-0149 G.A. (Rab) RABBANI

CTM CANADA LIMITED

WILL INSTALL AND SERVICE ALL TYPES OF PERIPHERALS!

- disc drives
- card punches
- CPU's
- Printers
- tape drives
- card readers
- micros
- terminals

Well qualified technical support is available.
We offer a wide range of service options.
For prompt and proper service call (416) 475-0149

CTM CANADA LIMITED

920 Denison Street, Unit 5, Markham, Ontario L3R 3K5

Need Typesetting?

Call
Sajjad Hyder
at
(416) 424-1989

مختصر اشتہارات کا معاوضہ فی سطر ۵ ڈالر ہے جس کی پیشگی ادائی ضروری ہے۔

وقت آگیا ہے کہ جاپان میں اسلام کا پیغام عام کیا جائے۔ اناگاکی

افغان مہاجرین کیلئے حکومت پاکستان کی خدمات قابل تعریف ہیں

کراچی ۔ جاپان کی پارلیمنٹ کے مسلمان رکن جناب عبد العظیم جیتسوا اناگاکی نے کہا ہے کہ گزشتہ چند سال میں جاپان میں مسلمانوں کی تعداد دس ہزار سے بڑھ کر ... آگیا ہے کہ وہاں اسلام کے پیغام کو عام کیا جائے ...

کنواری دلہن کی قدر

ریاض ۔ سعودی عرب ... نے سعودی عرب میں دلہن کے والدین کو ادا کرنے والے ... کا اعلان کیا ہے ...

کراچی میں کویتی سفارت کار پر قاتلانہ حملہ

میڈرڈ میں سفارتخانے کا فرسٹ سیکرٹری ہلاک ہوگیا

کراچی ۔ ... ستمبر ... کراچی اور میڈرڈ میں کویتی سفارت کاروں پر قاتلانہ حملے ... کراچی میں کویت کے قونصل جنرل ... بال بال بچ گئے جبکہ میڈرڈ میں کویت کے فرسٹ سیکرٹری ... ہلاک ہو گئے ...

چھٹتی نہیں یہ کافر ...

لندن ... ایک اسلامی عدالت کے حکم پر ایک شخص کو شراب نہ چھوڑنے پر سزائے موت دے دی گئی ...

سرینگر میں مظاہروں کے خوف سے اہم مقامات پر فوج لگادی گئی

شیخ عبداللہ کے انتقال کی خبر سنتے ہی لوگ پھوٹ پھوٹ کر رو پڑے

سرینگر ... شیخ محمد عبداللہ کو ... درگاہ حضرت بل میں پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ سپرد خاک کر دیا گیا ... نماز جنازہ ... وزیر اعظم مسز اندرا گاندھی ... سیاسی رہنماؤں کے ساتھ لاکھوں سوگوار ...

ستلج ٹیکسٹائل ملز کو ۱ روپے کے اسٹامپ پیپر پر فروخت کر دیا گیا

نئے مالک صرف کارکنوں کے واجبات اور بینک کا قرضہ ادا کرنے کے پابند ہوں گے۔ اثاثوں کا تخمینہ ... کروڑ روپے ہے

کراچی ۔ ... ستلج ٹیکسٹائل ملز کو ایک روپے کے اسٹامپ پیپر پر فروخت کر دیا ہے ...

ایٹمی ایندھن کے مسئلہ پر امریکہ اور بھارت کے درمیان از سر نو تنازعہ کا امکان

فرانس متبادل فراہم کنندہ کے طور پر اضافی تحفظات طلب نہیں کر سکتا۔ بھارتی موقف

نئی دہلی ... ایٹمی ایندھن کی فراہمی کے مسئلہ پر تحفظات کے سلسلے میں فرانسیسی شرط ...

Please Visit For

Halal Meat & Spices

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں

ٹورانٹو میں حلال گوشت کی پہلی دکان

AFRO ASIAN
918 PAPE AVENUE
TORONTO
PHONE: 463-1287

فلسطینی حریت پسندوں کی ... لبنان سے ... بیروت ... ان کے بچوں پر کیا گزری ... ؟

جمعیت العلماء اسلام میں زبردست پھوٹ پڑ گئی

مولانا درخواستی اور مولانا فضل الرحمن کے گروپ نے ایک دوسرے کو جمعیت سے خارج کر دیا

ڈیرہ اسماعیل خان ... اگست ... جمعیت العلماء اسلام کے دو گروپوں کے درمیان اختلافات ... مولانا درخواستی اور مولانا فضل الرحمن کے گروپوں نے ایک دوسرے کو جمعیت سے خارج کرنے کا اعلان کیا ہے ...

حریت پسند۔ خاردار تاروں کے پیچھے

سعودی شیخ نے بیوٹی کلینک کے لئے

۲۰ ہزار ڈالر امداد دی

سلسلۂ ہدایت

... منہاج سعید ولد منیر ... سال، جنہوں نے ... کو قرآن پاک کا پہلا ... منہاج سعید ... باقاعدہ ترجمہ اور با معنی شروع ...

قارئین کے بچوں نے کلام پاک ... ان کی تصویریں، نام ... کے ساتھ "الہلال" ... بھیج سکتے ہیں ...

Ev...
Prou...
PAKIS...
for distr...
th...
Good qua...
(416) 475-...
920 Denison...

جنوبی افریقہ کی سپریم کورٹ نے قادیانیوں کا دعویٰ مسترد کردیا

قادیانیوں نے مسلمانوں کے قبرستانوں میں تدفین کی اجازت طلب کی تھی

پاکستان سے علماء، دانشوروں اور ماہرین قانون کا وفد عدالت میں پیش ہوا

جوہانسبرگ — سٹاف رپورٹر — جنوبی افریقہ کے سپریم کورٹ نے ایک مقدمہ کی سماعت کے بعد قادیانیوں کا دعویٰ خارج کردیا کہ وہ غیر مسلم نہیں ہیں قادیانیوں نے اپنی درخواست میں کہا تھا کہ انہیں اپنے مُردوں کو مسلمانوں کے قبرستانوں میں دفن کرنے کی اجازت دی جائے۔ پاکستان سے علماء کرام، مذہبی دانشوروں اور ماہرین قانون کا ایک وفد جوہانسبرگ میں سپریم کورٹ میں پیش ہوا۔ مولانا ظفر احمد انصاری اس وفد کے قائد تھے۔ جنوبی افریقہ کی انجمن اشاعت اسلام لاہور نے دائر کیا تھا جس میں کہا گیا تھا کہ احمدی مسلمان ہیں اس لئے انہیں قانونی طور پر اس بات کی اجازت دی جائے کہ وہ اپنے مُردوں کو مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کریں اور مسلمانوں کی مساجد میں [illegible] عدالت نے قادیانیوں کا یہ دعویٰ خارج کردیا۔ جنوبی افریقہ کے ایک مسلم رہنما مولانا سلیمان [illegible]

مسلم تنظیموں کی دعوت پر پاکستانی علماء اور دانشور روانہ ہوئے۔ یہ وفد ۵ ستمبر کو جوہانسبرگ پہنچا۔ رابطہ عالم اسلامی نے وفد کو جنوبی افریقہ بھیجنے کا بندوبست کیا۔ ۹ اور ۱۰ ستمبر کو کیپ ٹاؤن کے سپریم کورٹ نے دلائل کی سماعت کی۔ قبل ازیں جب پاکستانی وفد جوہانسبرگ پہنچا تو وہاں مسلمانوں نے اس کا پرجوش خیر مقدم کیا۔ وفد میں قائد مولانا ظفر احمد انصاری کے علاوہ معاون شیخ قیاث الدین احمد قادری، مفتی زین العابدین، مولانا عبدالرحیم اشرف اور جسٹس افضل چیمہ شامل تھے۔

[illegible]

ڈاکٹر غلام حسین سویڈن چلے گئے

لندن — پاکستان پیپلز پارٹی کے سیکرٹری جنرل ڈاکٹر غلام حسین پاکستان کے ایک حلقہ [illegible] سویڈن روانہ ہوگئے۔ وہ سویڈن میں [illegible] کام شروع کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ [illegible] ڈاکٹر غلام حسین نے گزشتہ [illegible] انہوں نے پیپلز پارٹی کے کارکنوں کو [illegible]

Sigma Travel Service



783 LAWRENCE AVE., WEST,
TORONTO, ONTARIO
CANADA. M6A 1C2

IATA

(416) 789-4547

Sigma Travel Service

فیض کے فیصلے

فیض احسنت اے ادب فتنہ گر دوراں امروز
گرم دار دز تو ہنگامہ رسوائی را

میر علی محمد راشدی

[illegible]

عید مبارک



حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں۔

HALAL MEAT
spicetown
2210 DUNDAS STREET WEST
(Near Jami Mosque)
PHONE: (416)532-8267

افسانہ
سراب
شہناز احمد

مقصد کی لگن، منزل کا حصول، آرزوؤں کی کامیابی، تمناؤں کی فراوانی، خیالات کو حقیقت کا روپ دینے میں زندگی اسی بڑی مشتاری سے گذری ہے کہ منزل پہ پہنچنے کے بعد جب لوٹ کر دیکھا تو یہ زندگی ہی تھی یا ایک خواب تھا۔ ایک تصوراتی دنیا تھی جو آئی اور چلی بھی گئی۔

ایسے لوگ دنیا میں کم ہی ہوتے ہیں کہ وہ جو کچھ چاہتے ہیں اس کے لئے کوشش کرتے ہیں اور حاصل کر پاتے ہیں۔ میں ان ہی چند خوش قسمت لوگوں میں سے ایک ہوں یا تھی ...

[illegible]

ہم اس مذاق کی شدید مذمت کرتے ہیں

پاکستان میں اسلامی نظام کے نفاذ اور فلسطینیوں کے قتل عام سے متعلق دو قراردادیں جو تحریک اسلامی جرمنی کے سالانہ اجتماع منعقدہ ... میں منظور کی گئیں ــــــــــ (ادارہ)

(۱)

تحریک اسلامی جرمنی کا یہ عظیم اجتماع حکومت پاکستان کے اس مذاق کی شدید مذمت کرتا ہے جو انہوں نے اسلامی نظام کے نام پر پاکستانی عوام کے ساتھ ... سال سے روا رکھا ہوا ہے ...

[illegible]

(۲)

[illegible]



عمرہ
کے سفر کے سلسلے میں ہوائی جہاز کے
ٹکٹ اور دوسری معلومات کے لئے
ہماری خدمات حاضر ہیں
ہمارا ادارہ عمرہ کے معاملہ میں سب سے زیادہ تجربہ رکھتا ہے۔
جدہ - راولپنڈی - لاہور - لندن - بمبئی - دہلی - ڈھاکہ
اس کے علاوہ دوبئی • دمشق • بنکاک • منیلا • کولمبو • سنگاپور • کوالالمپور • ٹوکیو
اور دنیا کے دوسرے ممالک کے آرام دہ اور پرسکون سفر کے لئے ٹکٹ اور دوسری تفصیلات کے لئے
آج ہی ہم سے رابطہ قائم کریں۔

M & J TRAVEL
1240 BAY STREET
TORONTO, ONTARIO M5R 2A7
TEL. 960-8348 / 960-8475
For Your Travel Needs Contact Zahir Modi or Mohd. Javed Paul

fortnightly
al-Hilal
Vol.11 No.13 50 ¢
September 25, 1982
Phone: 424-1989, 493-4374
338 H[illegible]erry Trail
Willow[illegible]e, Ont.
Canada M2H 2P6
Editor: Sajjad Hyder
Managing Director: M. Lateef Owaisi

تین ہزار لاشوں پر یہودیوں نے سالِ نو کا جشن منایا

بیروت کے مہاجر کیمپوں میں عورتوں اور بچوں کی لاشوں پر بلڈوزر چڑھا دیئے گئے، صیہونیوں نے انسانی تاریخ میں بربریت کی بدترین مثال قائم کردی

اسرائیلی نگرانی میں عیسائی ملیشیا نے نہتے فلسطینیوں کو دیواروں کے ساتھ کھڑے کرکے بھون ڈالا

لاشوں کے ڈھیر اور کھوپڑیوں کے انبار لگا دیئے گئے

ایک گھر کا صحن خون کا تالاب بنا ہوا تھا

کہاں گئے اقوام متحدہ ... اور کہاں ہیں تمہارے حریت پسند جشن منانے والوں کے نعرے

[illegible]

بیگن مقبول ہو گئے

[illegible]

ہم بیروت میں ہوتے تو ہمارے بچوں کی لاشوں پر بلڈوزر چلائے جاتے: یاسر عرفات

امریکہ نے ہمیں بیروت سے نکلوایا اور ہمارے بچوں کو گاجر مولی کی طرح کٹوا ڈالا

[illegible]

[illegible]

پاکستان اور روس کے وزراء خارجہ نیویارک میں مسئلہ افغانستان پر بات چیت کریں گے

وزیر خارجہ یعقوب خان اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل ان کے نمائندہ برائے افغانستان اور ایرانی وزیر خارجہ سے بھی ملاقات کریں گے

[illegible]

بیرونِ وطن پاکستانیوں کا ترجمان
پندرہ روزہ
الہلال
ٹورانٹو کینیڈا

- سالانہ زر خریداری برائے "الہلال": پندرہ ڈالر
- سالانہ زر خریداری برائے "کریسنٹ": پندرہ ڈالر
- سالانہ زر خریداری برائے الہلال و کریسنٹ: پچیس ڈالر

کوپن خریداری

Name ....
Address ....
....
....
Postal Code.................... Telephone ....

زر خریداری کا چیک "کریسنٹ" کے نام لکھیے اور ذیل کے پتہ پر بھیجیے
338 Hollyberry Trail, Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6

اگر آپ اسلامی تحریک کا بین الاقوامی ترجمان "کریسنٹ" (انگریزی) بطور نمونہ حاصل کرنا چاہیں تو یہاں نشان لگا دیجیے ☐